9.2۔ عوامی مالیہ: تصور، اہمیت اور اہم خصوصیات

9.2.1۔ عوامی مالیہ کا تصور

عوامی مالیہ کے تصور کا تجزیہ اس کے دائرہ وسعت کی بنیاد پر کیا جا سکتا ہے۔ روایتی نقطہ نظر کے مطابق یہ حکومت کی آمدنی اور اخراجات کے تجزیہ سے تعلق رکھتا ہے۔ قدیم معاشی ماہرین عوامی مالیہ کے اجزاء کو تین ذیلی حصوں آمدنی، اخراجات اور قرض میں تقسیم کرتے ہیں۔

9.2.2۔ عوامی مالیہ کی اہمیت

1۔ عوامی ضروریات کی تکمیل کی خاطر وسائل کو تقسیم کرنا حکومت کا اہم فعل ہے۔ معاشرے کی بنیادی ضروریات میں سماجی لازمی ضروریات جیسے ملک کی خودمختاری یا ملک کا تحفظ، امن وامان اور سماجی انصاف وغیرہ شامل ہیں۔ حکومت کو ان خدمات کی فراہمی کی خاطر رقم درکار رہوتی ہے۔ عوامی مالیہ ان چیزوں سے ہی نمٹتا ہے۔

2۔ عوامی بہبود، غریب اور امیر کے مابین عدم مساوات کا خاتمہ، غریب عوام کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے فلاحی اسکیمات کا نفاذ، بے روزگاری میں کمی، سماجی انصاف کی فراہمی، معاشی نمو کا حصول وغیرہ جدید حکومتوں کے افعال ہیں۔

3۔ عوامی افادیت کی چیزیں جیسے سڑکیں، فوجی خدمات، سڑکوں پر روشنی وغیرہ کو فراہم کرنے کی خاطر عوامی مالیہ درکار رہوتا ہے۔ خانگی تجارتی کمپنیاں ایسی خدمات فراہم نہیں کریں گی۔

4۔ امیر لوگوں پر ٹیکس لاگو کرتے ہوئے غریب اور امیر کے درمیان آمدنی کی عدم مساوات کو ختم کرنے کی خاطر عوامی مالیہ ضروری ہوتا ہے۔

5۔ سماجی بہبود اور سماجی تحفظ جیسے عوامی فلاحی پروگراموں کو روبہ عمل لانے کے لیے عوامی مالیہ ضروری ہوتا ہے۔